| اہم قومی ومقامی خبریں مورخہ 17-07-2022 | اخبارات |
|---|---|
| 1۔بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں تیز کردی ہیں،وزیراعلیٰ بلوچستان | مشرق ودیگراخبارات |
| 2۔وزیراعلیٰ بلوچستان سے وفاقی وزیراسرار ترین کی ملاقات،وزیراعلیٰ بلوچستان | آزادی ودیگراخبارات |
| 3۔تمام شعبوں میں مثالی اورتاریخی پیش رفت جاری ہے،ضیاء لانگو | جنگ ودیگراخبارارت |
| 4۔حکومت متاثرین کی بحالی کیلئے اقدامات کررہی ہے،نورمحمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 5۔بلوچستان کے عوام شرپسندوں کے خلاف متحد ہیں،نوبزادہ شازین بگٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔حکومت توانائی کے ذرائع بڑھانے پرکام کررہی ہے،ہاشم نوتیزئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 7۔حکومت اورادارے ایک پیج پر الیکشن وقت پرہوں گے،سرداراسرارترین | جنگ ودیگراخبارات |
| 8۔بلوچستان بارشوں سے مزید 4افراد جاں بحق ساحلی علاقوں میں طوفانی بارش کاالرٹ جاری،این این آئی | جنگ ودیگراخبارات |
| 9۔سیکیورٹی پرخطیر رقم خرچ ہونے سے ترقی کاعمل سست ہے،فرح عظیم شاہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10۔آئی جی پولیس کاخواجہ سرا کے احتجاج کانوٹس،رپورٹ طلب،آئی جی پولیس | مشرق ودیگراخبارات |
| 11۔بارشوں سے تباہی 10اضلاع آفت زدہ قرار،صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی | 92ودیگراخبارات |
| 12۔ملک ہم سب کا ہے معصوم لوگوں کوشرپسند عناصر کے رحم وکرم پرنہ چھوڑا جائے،بلوچستان ہائی کورٹ | مشرق ودیگراخبارات |
| 13۔باچاخان کے پیروکاراقوام کے درمیان نفرت کی دیواریں کھڑی کرنے نہیں دینگے،اے این پی | جنگ ودیگراخبارات |
| 14۔سندھ حکومت نفرت پھیلانے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھو سے نمٹے سیاسی رہنما | جنگ ودیگراخبارات |
| 15۔لسانیت اورقوم پرستی کی سازشوں کوناکام بنادینگے،جمعیت نظریاتی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16۔آئندہ الیکشن میں عوام کی طاقت سے کامیاب ہونگے،مالک بلوچ | سنچری ودیگراخبارات |

## امن و امان

ورچوم کے پہاڑوں سے مغوی عمر کی لاش برآمد مزید 2دہشتگرد ہلاک،نوحصار تھانے کے انوسٹی گیشن افیسر نے گلے میں پھنداڈال کرخودکشی کرلی،مشکے سے اغواہونے والے شخص کی لاش کھجور کے باغ سے برآمد،سریاب لنک بادینی کراس پرفائرنگ سے نوجوان جاں بحق،خضدار پولیس کی کاروائی،لڑکیوں کے اغواکارگروہ کاسرغنہ گرفتار۔

## عوامی مسائل

ژوب،ہیضے سے اب تک مختلف علاقوں میں 13افراد جاں بحق 2334افراد متاثر،پانچ سال بعد بھی زرغون ہاوسنگ اسکیم گیس و پانی جیسی بنیادی ضروریات سے محروم،میکانگی روڈ دیال باغ اورملحقہ علاقوں کاپانی بند۔

مورخہ17-07-2022

## اداریہ

روزنامہ باخبر کوئٹہ نے "سندھ میں رونما ہوانے والے افسوناک واقعات کا فوری تدارک کیا جائے "کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان کے قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی نے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے رابطہ کر کے ان سے سندھ میں لسانی بنیادوں پر رونما ہونے والے پر تشدد واقعات کے تدارک کیلئے ٹھوس اقدامات اُٹھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے انہوں نے کہا کہ سندھ اور بلوچستان کی اقوام میں بھائی چارے کی مثالی فضا موجود ہیں انہیں نفرتوں کی جانب دھکیلنا نیک شگون نہیں اس لئے غلط فہمیوں کا فوری ازالہ ہونا چاہیئے ۔کراچی اور حیدرآباد میں جو واقعات رونما ہورہے ہیں وہ قومی یکجہتی اور اتحاد کے منافی ہیں بڑی تعداد میں سندھ سے تعلق رکھنے والے لوگ بلوچستان میں آباد ہیں اور یہاں امن وسکون کی زندگی بسر کررہے ہیں۔صوبائی حکومتوں کو فوری طور پر آگے آنا چاہیئے بلکہ دونوں صوبوں کی سیاسی جماعتوں اور سماجی حلقوں کو بھی اس حوالے سے اپنا کردارادا کرنا چاہیئے تاکہ حالات جلد سے جلد معمول پر آسکیں۔

## مضامین

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "کوئٹہ شہر کے تھانے میں پہلی مرتبہ تعینات خاتون ایس ایچ او صوبیہ خان "کے عنوان سے مضمون تحریر کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید کامران ممتاز
جلد 51 | اتوار 17 ذوالحجہ 1443ھ 17 جولائی 2022ء، صفحات 28 | شمارہ 33
رجسٹرڈ BC-m-13 | ایکسچینج نمبر 2829164 2821538-2821626 - فیکس 2835934 2830228 | قیمت 30 روپے

# بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں تیز کردی ہیں عبدالقدوس بزنجو

عوام کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے گا اور متاثرہ بنیادی ڈھانچے کی بحالی کیلئے بھی فنڈز فراہم کئے جائیں گے، وزیراعلیٰ بلوچستان

لواحقین کو صوبائی حکومت دس دس لاکھ روپے معاوضہ دیگی وزیراعظم نے بھی لواحقین کیلئے دس دس لاکھ روپے کا اعلان کیا ہے

پارٹی کی اعلیٰ مشاورتی کمیٹی کا اجلاس طلب کیا ہے اہم پارٹی امور پر سینئر قیادت کو اعتماد میں لیں گے، وفاقی وزیر اسرار ترین سے گفتگو

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے وفاقی وزیر دفاعی پیداوار سردار اسرار خان ترین نے ملاقات کی ملاقات میں سیاسی و پارٹی امور اور بارشوں سے پیدا صورتحال پر بات چیت کی گئی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس موقع پر بتایا کہ متعلقہ......... بقیہ نمبر 3 صفحہ 9 پر

صوبائی ادارے بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں امداد وبحالی کی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں۔ بارشوں سے جاں بحق افراد کے لواحقین کو صوبائی حکومت دس دس لاکھ روپے معاوضہ دیگی جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بھی لواحقین کیلئے دس دس لاکھ روپے کا اعلان کیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ وفاقی وصوبائی حکومت کی جانب سے بارشوں سے لوگوں کو ہونے والے نقصانات کا ازالہ کیا جائے گا اور متاثرہ بنیادی ڈھانچے کی بحالی کیلئے بھی فنڈز فراہم کیے جائیں گے وفاقی وزیر نے بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں امداد وبحالی کے کاموں پر صوبائی اداروں کی کارکردگی کو سراہا اس موقع پر مرکزی صدر بی اے پی و وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کی اعلیٰ مشاورتی کمیٹی کا اجلاس جلد طلب کیا جارہا ہے جس میں اہم پارٹی امور پر سینئر قیادت کو اعتماد میں لیا جائیگا جبکہ کارکنوں کے تعاون سے پارٹی کو مزید فعال اور متحرک کیا جائیگا

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ سنیچری
پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار
جلد 20 شمارہ 213 | اتوار، 17 ذوالحج، 17 جولائی 2022ء، صفحات 32 قیمت 30 روپے

# بارشوں سے متاثرہ افراد کے نقصانات کا ازالہ کیا جائے گا، وزیراعلیٰ

جاں بحق افراد کے لواحقین کو 10 لاکھ صوبائی حکومت اور 10 لاکھ وزیراعظم کی جانب سے دیئے جائیں گے، عبدالقدوس بزنجو

BAP مشاورتی کمیٹی کا اجلاس جلد بلایا جارہا ہے، اہم امور پر سینئر قیادت کو اعتماد میں لینگے، وفاقی وزیر اسرار ترین سے گفتگو

اسلام آباد (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو سے وفاقی وزیر دفاعی پیداوار سردار اسرار خان ترین نے (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

ملاقات کی ملاقات میں سیاسی و پارٹی امور اور بارشوں سے پیدا صورتحال پر بات چیت کی گئی وزیراعلیٰ نے اس موقع پر بتایا کہ متعلقہ صوبائی ادارے بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں امداد وبحالی کی سرگرمیوں میں مصروف عمل ہیں۔ بارشوں سے جاں بحق افراد کے لواحقین کو صوبائی حکومت دس دس لاکھ روپے معاوضہ دیگی جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بھی لواحقین کے لئے دس دس لاکھ روپے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ وفاقی وصوبائی حکومت کی جانب سے بارشوں سے لوگوں کو ہونے والے نقصانات کا ازالہ کیا جائے گا اور متاثرہ بنیادی ڈھانچے کی بحالی کے لئے بھی فنڈز فراہم کئے جائیں گے۔ وفاقی وزیر نے بارشوں سے متاثرہ علاقوں میں امداد وبحالی کے کاموں پر صوبائی اداروں کی کارکردگی کو سراہا۔ مرکزی صدر بی اے پی و وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی کی اعلیٰ مشاورتی کمیٹی کا اجلاس جلد طلب کیا جارہا ہے جس میں اہم پارٹی امور پر سینئر قیادت کو اعتماد میں لیا جائے گا جبکہ کارکنوں کے تعاون سے پارٹی کو مزید فعال اور متحرک کیا جائے گا۔

## اتحاد اور بھائی چارے کو فروغ دیا جائے

شرپسند عناصر کیخلاف کارروائی ہوگی

کمشنر کوئٹہ ڈویژن

اپنے صوبے اور شہر کے امن کو کسی صورت خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے عوام سوشل میڈیا پر افواہوں اور پروپیگنڈوں پر کان نہ دھریں، سہیل الرحمن بلوچ کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل الرحمان بلوچ کی زیر صدارت امن وامان کی موجودہ صورتحال کے حوالے سے اجلاس ہوا جس میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے ایم پی اے نصیر احمد شاہوانی، پشتونخوامیپ کے ایم پی اے نصر اللہ زیرے، اے این پی کے رہنما محبت کاکا، پشتونخوامیپ کے رہنما عبدالقہار روان، جمعیت علما اسلام کے رہنما بشیر کاکڑ اور مفتی روزی خان، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ شہک بلوچ، ڈی آئی جی کوئٹہ فدا حسین شاہ، ایس ایس پی آپریشنز عبدالحق عمرانی، اسسٹنٹ کمشنر صدر نقیب اللہ کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن بابر خان بھی موجود تھے اجلاس میں امن وامان کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے فیصلہ کیا گیا کہ انتظامیہ اور سیاسی جماعتیں صوبے کے پرامن ماحول کو خراب کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرنے پر ایک پیج پر متفق ہیں تمام سیاسی جماعتیں صوبے میں امن، بھائی چارہ اور محبت کی فضا کو پروان چڑھا کر شرپسند عناصر کی جانب سے حالات خراب کرنے کی اجازت نہیں دیتی ہیں لہذا انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے ایسے عناصر کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹیں اجلاس میں یہ بھی کہا گیا کہ بلوچستان میں تمام اقوام باہمی اتحاد اور تعاون سے صدیوں سے آباد ہیں ان کے درمیان اختلافات پیدا کرنے والوں کی تمام تر سازشوں کو ناکام بنائیں گے اس سلسلے میں تمام سیاسی جماعتیں ایک مشترکہ موقف اور پیغام دیتی ہے کہ موجودہ صورتحال میں عوام شرپسندوں کی سازش کا شکار ہونے کی بجائے اتحاد باہمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ان کے مذموم مقاصد کو ناکام بنائیں کیونکہ موجودہ صورتحال میں چند شرپسند عناصر اپنے مفادات کی تکمیل کیلئے برادر اقوام کو آپس میں دست وگریبان کرنا چاہتے ہیں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن سہیل رحمان بلوچ نے کہا کہ موجودہ صورتحال میں تمام سیاسی جماعتوں کا کردار اہمیت کا حامل ہے اور انہوں نے مشترکہ موقف اپنا کر عوام کو یہ پیغام دیا ہے کہ ہم شرپسند عناصر کے خلاف ایک ہیں اپنے صوبے اور شہر کے امن کو کسی صورت خراب کرنے کی اجازت نہیں دیں گے عوام سوشل میڈیا پر افواہوں اور پروپیگنڈوں پر کان نہ دھریں انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے ادارے موجودہ واقعات کی ہر پہلو سے تحقیقات کررہے ہیں اور بہت جلد اصل حقائق سامنے آئیں گے اور ان واقعات میں ملوث افراد کے خلاف قانون کے مطابق کاروائی ہوگی ایسی صورتحال میں چند مفاد پرست اور دیگر عناصر فائدہ اٹھا سکتے ہیں لہذا ہمیں امن، بھائی چارگی، اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرکے ان کے عزائم مقاصد کو ناکام بنانا ہے مستقبل میں ایسے واقعات کے تدارک کے لیے سیاسی جماعتیں اور انتظامیہ اپنا بھرپور کردار ادا کررہی ہیں۔

## کوئٹہ کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کرکے دم لینگے

ایس ایس پی آپریشنز

سماج دشمن عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری ہیں، گزشتہ روز بھی 26 ملزمان کو حراست میں لیکر مقدمات درج کر لئے عبدالحق عمرانی کی ''جنگ'' سے بات چیت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں اشتہاریوں، مفروروں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے گذشتہ روز 26 ملزمان کو گرفتار کرکے دو مسروقہ موٹر سائیکلیں، گاڑی اور موبائل فون برآمد کرلیا گیا پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز عبدالحق عمرانی کی ہدایت پر چاروں ڈویژن کے ایس پیز کی سربراہی میں پولیس نے مختلف کارروائیاں کیں سریاب پولیس نے قتل کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری عادت خان کو 12 سال بعد خفیہ اطلاع، منظور شہید تھانہ پولیس نے مفرور ملزمان عبید اللہ اور اس کے بھائی عبداللہ کو جبکہ بجلی روڈ پولیس نے اقدام قتل کے مقدمے میں مفرور تین بھائیوں کرم خان، عجب خان اور اصغر خان اور ایک اشتہاری عبدالرزاق کو جبکہ شالکوٹ پولیس نے موٹر سائیکل چھیننے والے گروہ کے کارندے ظفر اللہ کو گرفتار کرکے ایک مسروقہ موٹر سائیکل ایک موبائل فون جبکہ اشتہاریوں غلام محی الدین عرف عبید اللہ، حیات اللہ، عبدالباسط، صدام، دوست محمد، لعل گل، شیر علی، محمود، میر والس، محمد داؤد کو جبکہ گوالمنڈی پولیس نے گھروں میں چوری کرنے والے گروہ کے دو کارندوں محمد شہباز اور سید نور کو گرفتار کرکے چوری شدہ سامان برآمد کرلیا جناح ٹاؤن پولیس نے دو کارروائیوں میں مفرور ملزم رحمت اللہ کو جبکہ ایک چوری شدہ گاڑی برآمد کرلیا بجلی گھر پولیس نے مفرور ملزم ریاض احمد کو جبکہ ہنہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے دو اشتہاری بھائیوں عاصم اور آصف کو گرفتار کرلیا اس سلسلے میں ایس ایس پی آپریشنز عبدالحق عمرانی نے جنگ کو بتایا کہ کوئٹہ پولیس نے اشتہاریوں، مفرور اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ شروع کیا ہوا ہے ایک ہفتے کے دوران سو سے زائد ملزمان کو گرفتار کیا ہے انہوں نے کہا کہ آئی جی بلوچستان عبدالخالق شیخ اور ڈی آئی جی کوئٹہ سید فدا حسین شاہ کی سربراہی میں کوئٹہ شہر کو جرائم پیشہ عناصر سے پاک کرنے کا عزم کر رکھا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کئی کیسز میں بھی پولیس کو بڑی کامیابیاں ملی ہیں سماج دشمن عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں پولیس عوام کے تحفظ کی ضامن ہے انہوں نے کہا کہ عوام کے تعاون [illegible] جرائم پیشہ عناصر کا قلع قمع کریں گے۔

MASHRIQ QUETTA

## لیویز کی جرات کو سلام، باصلاحیت فورس کے طور پر خود کو منوالیا قادر بخش پرکانی

لیویز فورس اپنے علاقوں میں جرائم پر کامیابی سے قابو پایا حالیہ بارشوں میں بھی متاثرین کی ہر ممکن مدد کی

صوبائی حکومت جوانوں کے مسائل حل، انہیں جدید اسلحہ کی فراہمی کیلئے اقدامات کررہی ہے، ڈی جی لیویز

پشین (آئی این پی) ڈائریکٹر جنرل بلوچستان لیویز فورس قادر بخش پرکانی نے کہا ہے کہ صوبے میں امن وامان کے قیام میں لیویز فورس کا کردار اہم ہے حالات چاہیں جیسے بھی ہوں لیویز فورس عوام کی خدمت اور تحفظ کے لئے کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی لیویز فورس نے اپنے علاقے میں امن قائم کرنے کے لئے اہم کردار ادا کیا ہے لیویز مثالی بہادر اور ڈسپلن فورس ہے جوانوں کی جرات اور بہادری پر فخر کرتے ہیں جوانوں کی حوصلہ افزائی کیلئے ہر سطح پر انکی مدد اور سرپرستی کی جائیگی لیویز فورس نے چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں پر کنٹرول کیا ہے حالیہ بارشوں اور سیلابی صورتحال میں بھی لیویز فورس امدادی کارروائیوں میں انتظامیہ اور پی ڈی ایم اے کے شانہ بشانہ رہی ہے انہوں نے کہا کہ دستیاب وسائل میں رہ کر فورس کے جوانوں کے مسائل حل کرکے فورس کو جدید ہتھیار اور سہولتوں سے لیس کیا جائیگا صوبے کے مختلف اضلاع میں لیویز فورس کے جوانوں کے گشت کے لئے موٹر سائیکلیں اور وردیاں فراہم کی جا رہی ہیں انہوں نے کہا کہ لیویز ایک باصلاحیت فورس کی حیثیت میں خود کو منوا چکی ہے

## گوادر کیلئے بہترین ماسٹر پلان بنایا گیا ہے، مجیب الرحمٰن قمبرانی

**تاجر برادری رضامندی کا اظہار کرے ہم فوراً کام شروع کرنے کیلئے تیار ہیں**

**ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے کا شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ، لوگوں سے ملاقات**

گوادر (خ ن) ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی مجیب الرحمٰن قمبرانی اور ڈپٹی کمشنر گوادر کیپٹن (ر) جمیل احمد نے ہفتہ کے روز ملا فاضل چوک سمیت شہر کے مختلف حصوں کا دورہ کیا اور حالیہ مون سون بارشوں سے پیدا ہونے والی صورتحال اور مزید متوقع بارشوں کے پیش نظر حفاظتی انتظامات کا جائزہ لیا ملا فاضل چوک میں جاری صفائی اور بحالی کے کاموں کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر شہریوں اور دکانداروں نے ڈی جی جی ڈی اے اور ڈپٹی کمشنر کو اپنے خدشات اور سفارشات سے آگاہ کیا ڈائریکٹر جنرل جی ڈی اے نے یقین دلایا کہ ملا فاضل چوک کیلئے بہترین پلاننگ موجود ہے ملا فاضل چوک کے مستقبل کے نقشہ میں کشادہ و خوبصورت سڑکیں، سیوریج و ڈرین کا وسیع نیٹ ورک، پارکنگ، واکنگ اسٹریٹ فوڈ پوائنٹ اور خوبصورتی کیلئے مونومنٹ شامل ہے آج ہی تاجر برادری ہمارے ساتھ تعاون کر کے رضامندی کا اظہار کرے ہم فوراً کام شروع کرنے کیلئے تیار ہیں اس منصوبہ کی تکمیل سے یہاں سیوریج اور ڈرین کا مسئلہ ہمیشہ کیلئے ختم ہوجائیگا۔ قبل ازیں ڈی جی جی ڈی اے اور ڈپٹی کمشنر نے جی ڈی اے کی جانب سے اولڈ ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت ترقیاتی منصوبوں کا بھی دورہ کیا۔ ماڈل اسکول اور گرلز اسکول میں جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

## ملک ہم سب کا ہے، معصوم لوگوں کو شرپسند عناصر کے رحم و کرم پر نہ چھوڑا جائے، ہائیکورٹ بار

**یہ حقیقت سب پر عیاں ہونی چاہیے کہ آئین کے تحت ہر شہری کو تجارت، معاشی کاروبار اور پیشے کی آزادی حاصل ہے، عبدالمجید کاکڑ**

**سندھ اور وفاقی حکومتیں قانون نافذ کرنیوالے اداروں سے اپیل کی کہ وہ آئین اور قانون کے مطابق اپنی اپنی ذمہ داریاں نبھائیں**

**سیاسی جماعتوں وکلاء برادری اور سندھ کی وکلاء تنظیموں کی ذمہ داری ہے کہ وہ تعصبات کی حوصلہ شکنی کریں، منظور ہنگورلی، ولبہ ظہور و دیگر**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر عبدالمجید کاکڑ ایڈووکیٹ سمیت بلوچستان کے........ بقیہ نمبر 7 صفحہ 9 پر

وکلا رہنماؤں نے سندھ اور وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ حیدرآباد واقعے کے بعد امن وامان کی صوتحال کو قابو میں رکھنے اور شہریوں کو تحفظ دینے کیلئے فوری اقدامات کر کے شہریوں میں پائی جانے والی تشویش کو دور کیا جاسکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا انہوں نے کہا کہ چند روز قبل سندھ کے شہر حیدرآباد میں پیش آنے والے ناخوشگوار واقعے کے بعد حیدرآباد سمیت مختلف شہروں میں لسانی بنیاد پر غریب عوام کے جان و مال کو نقصان پہنچایا گیا جس کی ہم مذمت کرتے ہیں ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کا آئین ہر ایک کو ملک کے کسی بھی حصے میں جانے رہنے اور کاروبار کرنے کا مکمل حق اور تحفظ دیتا ہے حالات کو قابو میں رکھنے کیلئے صوبائی اور وفاقی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے امن وامان برقرار رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کرتے ہوئے اپنی ذمہ داری کو احسن طریقے سے نبھائیں تاکہ امن کی بحالی کیلئے تمام سیاسی جماعتیں اور سندھ ہائی کورٹ بار بھی اپنا کردار ادا کرے انہوں نے کہا کہ جس طرح پرامن ماحول کو خراب کیا گیا اس کے تدارک کے لئے اپنا کردار ادا کرے تاکہ لسانی فسادات برپا کرنے والوں کے عزائم کو ناکام بنایا جاسکے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنا کر اس میں ملوث عناصر کی بیخ کنی کی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ عبدالمجید کاکڑ نے کہا ہے کہ ملک کے کسی بھی حصے میں کاروبار کرنا ہر شہری کا آئینی حق ہے، سندھ میں اقوام کے درمیان فساد پھیلانے والوں سے آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے تاکہ کسی بے گناہ کو ضرر نہ پہنچیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جنرل سیکرٹری منظور ہنگورلی، سینئر نائب صدر ولبہ ظہور بلوچ، چمن بار ایسوسی ایشن کے صدر ایوب اچکزئی، ہائی کورٹ بار کے لائبریری سیکرٹری عبدالعزیز اچکزئی و دیگر کے ہمراہ کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ عبدالمجید کاکڑ نے کہا کہ کچھ دنوں قبل سندھ کے شہر حیدرآباد میں ایک ناخوشگوار واقعہ رونما ہوا جس میں معصوم اور بے گناہ لوگوں کے املاک کو نقصان پہنچایا گیا اور ان کے کاروبار بند کروائے گئے تب سے اب تک یہ سلسلہ جاری ہے بلکہ یہ مزید شہروں تک پھیل گیا ہے قانون شکن اور شرپسند عناصر لسانیت کی تعصبات کی بنیاد پر دنگا وفساد کرنے پر اور انتشار و خلفشار پھیلانے پر تلے ہوئے ہیں انہوں نے سندھ حکومت وفاقی حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے سے اپیل کی کہ وہ آئین

اور قانون کے مطابق اپنی اپنی ذمہ داریاں نبھائیں اور بے گناہ اور معصوم لوگوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنائیں اور یہ وضاحت کرتا چلوں کہ آئین پاکستان کے آرٹیکل 9 کے تحت ہر شہری کی حفاظت ریاست کی ذمہ داری ہے اور یہ حقیقت سب پر روز روشن کی طرح عیاں ہونی چاہیے کہ آئین کے آرٹیکل کے تحت ہر شہری کو تجارت، کاروبار اور پیشے کی آزادی حاصل ہے اور یہ ہر شہری کا ملک کے ہر حصے میں اختیار کرنے کا بنیادی حق ہے اور اسے کوئی بھی کسی کو روک نہیں سکتا اور نہ کوئی کسی پر پابندی لگا سکتا ہے اور اسی طرح آئین کے آرٹیکل 33 شہریوں کے مابین علاقائی، نسلی، قبائلی اور صوبائی تعصبات وغیرہ کی حوصلہ شکنی پر زور دیتا ہے تو چنانچہ اس ضمن میں تمام سیاسی جماعتوں کی وکلاء برادری کی اور بالخصوص سندھ لیگل فریٹرنٹی، سندھ ہائی کورٹ، بار ایسوسی ایشن، سندھ بار کونسل اور سندھ کے تمام ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشنز کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ ہر فورم پر آواز بلند کرے اور معصوم اور بے گناہ لوگوں کی خواہ وہ کوئی پشتون کا یا کوئی سندھی، یا بلوچ یا کوئی اور کو قانون شکن عناصر اور شرپسندوں کی رحیم و کرم پر نہ چھوڑا جائے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 17 JUL 2022 Page No. 8

# لاپتہ افراد کے بارے میں قائم کابینہ کمیٹی متاثرہ خاندانوں سے ملاقات کرے، نصراللہ بلوچ

کابینہ کمیٹی چاروں صوبوں کا دورہ کرکے متاثرہ خاندانوں کو تفصیل سے سنے، کمیٹی نے تاحال وائس فار مسنگ پرسنز کو مدعو نہیں کیا

**ہماری تنظیم گزشتہ 13 سال سے لاپتہ افراد کے مسئلے کو اجاگر کرنے کی کوشش کررہی ہے، نصراللہ بلوچ اور ماما قدیر کی پریس کانفرنس**

کوئٹہ (آن لائن) وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصراللہ بلوچ نے وفاقی سطح پر لاپتہ افراد کیلئے بنائی گئی پارلیمانی کمیٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کو پارلیمانی کمیٹی کے میٹنگز میں مدعو کرنے کے ساتھ تنظیم کے تجاویز کو سنا جائے، کمیٹی چاروں صوبوں کا دورہ کرے اور لاپتہ افراد کے اہلخانہ سے ملاقاتیں کرکے انکے کرب و اذیت اور مشکلات کو انکے زبانی سنے۔ پارلیمانی کمیٹی کو اس

بقیہ نمبر 45 صفحہ 7 پر

چیز کا پابند ہونا چاہیے کہ وہ لاپتہ افراد کے حوالے سے تمام اسٹیک ہولڈرز کا موقف سنے اور پارلیمانی کمیٹی جو حتمی تجاویز مرتب کرے ان پر بھی تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینے کے بعد وہ تجاویز حکومت کو فراہم کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے وائس چیرمین ماما قدیر اور لاپتہ افراد کی اہلخانہ کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی سطح پر لاپتہ افراد کے مسئلے کے حل کے لیے ایک پارلیمانی کمیٹی بنائی گئی ہے جس کے تین میٹنگز ہوئے ہیں جس میں مختلف تنظیموں کے نمائندوں کو مدعو کرکے ان کے تجاویز کو سنا گیا ہے لیکن کمیٹی نے وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کو میٹنگز میں مدعو کیا ہے اور نہ ہی جبری گمشدگیوں کے حوالے سے ہماری پوائنٹ آف ویو لیا گیا ہے ہم سمجھتے ہے کہ کمیٹی کا یہ رویہ غیر جمہوری عمل اور باعث تشویش ہے انہوں نے کہا کہ جبری گمشدگیوں سے سب سے زیادہ متاثر بلوچستان ہے اور بلوچستان سے ہزاروں کی تعداد میں لوگ جبری طور پر لاپتہ ہے اور تنظیم انکی نمائندگی کررہا ہے وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کی لاپتہ افراد کی بازیابی اور جبری گمشدگیوں کے خلاف ایک طویل جدوجہد ہے تنظیم لاپتہ افراد کے مسئلے کو اجاگر کرنے کے لیے کوئٹہ سے کراچی اور کراچی سے اسلام آباد تک دنیا کی طویل ترین لانگ مارچ کیا ہے اور تنظیم کے قائم احتجاجی کیمپ کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے آج 4700 دن مکمل ہوگئے ہیں۔ جبکہ تنظیم کی احتجاجی کیمپ 13 سالوں سے مسلسل جاری ہے اسکے علاوہ تنظیم نے مختلف صوبائی اور وفاقی حکومتوں کے ساتھ ملاقاتوں میں پاکستان بھر سے لاپتہ ہونے والے افراد کے مسئلے کو بہترین انداز میں پیش کرتے آرہا ہے اور ساتھ میں لاپتہ افراد کے حوالے سے بنائی گئی کمیشن اور اعلی عدلیہ سمیت انصاف کے لیے بنائے گئے دیگر اداروں میں نمائندگی کررہا ہے اسلیے وفاقی سطح پر لاپتہ افراد کے حوالے سے بنائی گئی پارلیمانی کمیٹی کا تنظیم کو نظر انداز کرنا ناانصافی اور بلوچستان سے لاپتہ افراد کے اہلخانہ کے ساتھ ظلم و زیادتی ہوگا انہوں نے وفاقی سطح پر لاپتہ افراد کے لیے بنائی گئی پارلیمانی کمیٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کو پارلیمانی کمیٹی کے میٹنگز میں مدعو کرنے کے ساتھ تنظیم کے تجاویز کو سنا جائے، کمیٹی چاروں صوبوں کا دورہ کرے اور لاپتہ افراد کے اہلخانہ سے ملاقاتیں کرکے انکے کرب و اذیت اور مشکلات کو انکے زبانی سنے۔ پارلیمانی کمیٹی کو اس چیز کا پابند ہونا چاہیے کہ وہ لاپتہ افراد کے حوالے سے تمام اسٹیک ہولڈرز کا موقف سنے اور پارلیمانی کمیٹی جو حتمی تجاویز مرتب کرے ان پر بھی تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لینے کے بعد وہ تجاویز حکومت کو فراہم کرے۔

Century Express Quetta

# آئندہ الیکشن میں عوام کی طاقت سے کامیاب ہونگے، مالک بلوچ

**تمام طبقات واقوام کی شعوری سیاست ہی عدم مساوات واستحصال کا خاتمہ کرسکے گی**

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے مرکزی صدر و سابق وزیر اعلی بلوچستان ڈاکٹر مالک بلوچ نے کہا ہے کہ نیشنل پارٹی نے قومی مقاصد و اہداف کو فکری و نظریاتی طور پر متعین کی، سیاست کو شعوری علم ہے۔ اور نیشنل پارٹی کامل یقین رکھتی ہے کہ اس علم سے ارابستہ اقوام ہی قومی

(باقی صفحہ 5 نمبر 14)

تعمیر و ترقی کے حصول کو ممکن بنا سکتی ہیں۔ ہمارے اکابرین شعوری سیاست کی ابتدا 1920 میں کی۔ میر عبدالعزیز کرد میر یوسف عزیز مگسی بابو عبدالکریم شورش نے بلوچ سیاست کو قومی فکر سے آشنا کیا۔ میر غوث بخش بزنجو گل خان نصیر محمد حسین عنقا نے اپنے ہمسفر ساتھیوں سے اس کو منظم و مستحکم کیا۔ اور اسی طویل سفر کی تسلسل نیشنل پارٹی ہے۔ نیشنل پارٹی آج سمجھتی ہے کہ تمام طبقات و اقوام کی شعوری سیاست ہی ملک میں قومی نابرابری و استحصال کا خاتمہ کرسکے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نیشنل پارٹی کے عہدیداران و کارکنان بھی موجود تھے۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ نے کہا کہ سیاست و جدوجہد ایک مسلسل عمل ہے۔ اور اس میں جتنی سنجیدگی بردباری اور کمٹمنٹ ہوگی اتنی ہی مستحکم ہوگی۔ سامراج طبقاتی ناانصافی جاگیردارانہ و سردارانہ نظام کے خلاف اکابرین نے مزاحمتی سیاست کے علم کو بلند کیا۔ انہوں نے کہا کہ شعوری سیاست سے ہی ون یونٹ کا خاتمہ ہوا اور بلوچستان کو صوبے کا درجہ ملا۔ اس کے بعد 18 ویں ترمیم نے قوموں کے خودمختاری کو تحفظ دیا۔ جس پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کی سیاست کا محور عوام ہے۔ اور عوام کو طاقت کا سرچشمہ سمجھتے ہیں۔ اس لیے عوام کو شعوری سیاسی عمل کا حصہ بنانے کے لیے جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی آئندہ انتخابات میں عوام کی طاقت سے کامیابی حاصل کریگی اور انصاف و ترقی کو متعین کریگی۔

## ورچوم کے پہاڑوں سے مغوی عمر کی لاش برآمد، مزید 2 دہشتگرد ہلاک

**فورسز نے دہشتگردوں کی ایک اور کمین گاہ تباہ کردی، عمر کو اغواء کے فوراً بعد مار ڈالا گیا تھا، آئی ایس پی آر**

کوئٹہ (اپ ر) زیارت ورچوم سے اغوا ہونے والے عمر جاوید کی بازیابی کیلئے جاری آپریشن کے دوران سیکورٹی فورسز نے دہشتگردوں کی ایک اور کمین گاہ کو تلاش کر کے تباہ کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق آپریشن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں مزید دو دہشتگرد ہلاک کیے گئے اوران سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا۔ اس کمین گاہ کی تباہی کے بعد پورا علاقہ دہشتگردوں سے صاف ہو گیا ہے۔ علاقے کی تلاش کے دوران بدقسمتی سے مغوی عمر جاوید کی لاش ورچوم سے پانچ کلومیٹر دور خلافت کے پہاڑوں میں ایک نالے سے مل گئی۔ اندازے کے مطابق دہشتگردوں نے عمر جاوید کو اغواء کرنے کے فوراً بعد مار ڈالا تھا۔ تاہم فرار ہونے والے مزید تین سے چار دہشتگردوں کی تلاش کیلئے آپریشن جاری ہے۔ بلوچستان میں امن واستحکام اور ترقی کے دشمن عناصر کے عزائم ناکام بنانے کیلئے پاک فوج قوم کیساتھ کھڑی ہے۔

## ساکران میں خاتون نے کلہاڑی کے وار سے بھتیجی کو قتل کردیا

حب (نامہ نگار) ساکران تھانے کی حدود میں خاتون نے کلہاڑی کے وار کر کے اپنی دس سالہ بھتیجی جمیلہ کو قتل کردیا پولیس نے ملزمہ کو آلہ قتل سمیت گرفتار کرلیا ہے ڈی ایس پی حب سرکل محمد یونس رضا کے مطابق واقعہ گھریلو تنازع کا نتیجہ ہے ایس ایچ او پولیس تھانہ ساکران نبی بخش رونجھو نے بتایا کہ لاش ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کردی گئی۔

## قلات پولیس کی کارروائی میں اشتہاری گرفتار

قلات (نامہ نگار) قلات ایس پی عبدالوف بڑیچ کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او قلات عبد المجید رئیسانی نے 16 سال سے مطلوب اشتہاری مجرم احمد خان ولد حیات خان قوم مینگل سکنہ ملکی قلات کو گرفتار کرلیا۔

## سریاب لنک بادینی کراس پر فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب روڈ لنک بادینی کراس کے قریب گاڑی سواروں کی فائرنگ سے نوجوان موٹرسائیکل سوار جاں بحق ہو گیا پولیس کے مطابق کلی غلام جان کا رہائشی محمد یوسف ولد محمد جان گزشتہ روز گھر سے موٹرسائیکل پر سریاب روڈ پر جا رہا تھا وہ جیسے ہی لنک بادینی کراس پر پہنچا تو گاڑی میں سوار نامعلوم افراد اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔

## نوحصار تھانے کے انوسٹی گیشن افسر نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کرلی

**چھ روز سے غیر حاضر تھا، لاش گھر کے پنکھے سے لٹکی ہوئی ملی، فیملی عید منانے ڈیرہ غازیخان گئی ہوئی تھی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نوحصار تھانے کے انوسٹی گیشن افسر نے اپنے گھر میں گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کرلی۔ پولیس ذرائع کے مطابق نوحصار تھانے کے انوسٹی گیشن افسر انسپکٹر ریاض خان کی گزشتہ شب اس کے گھر واقع ایئرپورٹ روڈ گلی کوتوال سے لاش پنکھے سے لٹکی ہوئی ملی۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لئے ہسپتال پہنچائی۔ پولیس ذرائع کے مطابق ریاض خان گزشتہ چھ روز سے غیر حاضر تھا جبکہ اس کا موبائل فون بھی بند تھا، اس کے بارے میں تھانہ عملہ کئی بار اس کے گھر گیا تاہم گھر کو تالہ لگا ہوا تھا جس پر پولیس واپس لوٹ جاتی۔ پولیس ذرائع کے مطابق ریاض خان کی فیملی عید منانے اپنے آبائی علاقے ڈی جی خان گئی ہوئی تھی اور یہ گھر میں اکیلا تھا پولیس نے خودکشی اور دیگر پہلوؤں پر تحقیقات شروع کردی۔ ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثاء کے حوالے کردی گئی ہے۔

## گوال اسماعیل زئی میں تخریب کاری کا منصوبہ ناکام

کوئٹہ (این این آئی) قلعہ سیف اللہ کے علاقے گوال اسماعیل زئی میں سڑک کنارے مشکوک کنستر کی اطلاع پر سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل اسکواڈ کو طلب کرلیا گیا جس نے 25 سے 30 کلوگرام دھماکہ خیز مواد ناکارہ بنادیا۔

## مشکے سے اغواء ہونے والے شخص کی لاش کھجور کے باغ سے برآمد

آواران (نامہ نگار) مشکے کے علاقے بانسر میں گزشتہ شب نامعلوم افراد نے علی حیدر ولد محمد عیسیٰ کو اغواء کرلیا جس کی لاش پولیس کو کھجور کے باغ سے ملی جو ضروری کارروائی کے بعد لواحقین کے حوالے کردی گئی۔

MASHRIQ QUETTA

## خضدار پولیس کی کارروائی، لڑکیوں کے اغوا کار گروہ کا سرغنہ گرفتار

**ہوا کی بیٹی تین صوبوں میں فروخت ہوتی رہیں اور خضدار سے بازیاب ہوگئی**

خضدار (نامہ نگار) خضدار پولیس کی اہم کاروائی، لڑکیوں کے اغوا کاروں کا اہم سرغنہ گرفتار، ہوا کی بیٹی تین صوبوں میں فروخت ہوتی رہیں اور خضدار سے بازیاب ہوگئی تفصیلات کے مطابق خضدار پولیس صدر تھانہ کے ایس ایچ او عطاء اللہ جاموٹ کی سربراہی...... بقیہ نمبر19 صفحہ 10 پر

میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خیبر پختونخواہ کی رہائشی لڑکی کو خضدار سے برآمد کرلی۔ لڑکی کے پی کے سندھ منتقل کیا گیا سندھ میں فروخت ہوئی اس کے بعد سندھ سے خضدار میں لاکر اسے فروخت کیا گیا گروہ کے مرکزی ملزم حفیظ اللہ کو خضدار کے علاقہ جعفر آباد کے مقام سے گرفتار کرلیا گیا جبکہ اس دوران ایک اور خاتون بھی مذکورہ ملزم سے بازیاب کرایا گیا کارروائی ایس ایس پی خضدار سید جاوید اقبال غرشین کی ہدایت پر ایس ایچ او عطاء اللہ جاموٹ اور پولیس کی ٹیم نے کی ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

## قلعہ سیف اللہ میں 30 کلووزنی دھماکہ خیز مواد ناکارہ بنادیا گیا

**سڑک کنارے مشکوک کنستر کی اطلاع ملنے پر بم ڈسپوزل اسکواڈ کو طلب کرلیا گیا**

کوئٹہ (این این آئی) قلعہ سیف اللہ کے علاقے میں تخریب کاری کا منصوبہ ناکام 25 سے 30 کلو وزنی دھماکہ خیز مواد برآمد کر کے ناکارہ بنادیا گیا، لیویز حکام...... بقیہ نمبر40 صفحہ 10 پر

کے مطابق گزشتہ روز قلعہ سیف اللہ کے علاقے گوال اسماعیل زئی میں سڑک کنارے ایک مشکوک کنستر کی اطلاع ملی جس پر سول ڈیفنس کے بم ڈسپوزل اسکواڈ کو طلب کرلیا گیا جس نے مشکوک کین کا جائزہ لینے پر اس میں نصب 25 سے 30 کلوگرام دھماکہ خیز مواد کو ناکارہ بنادیا سیکورٹی فورسز کی بروقت کاروائی سے علاقے کو بڑے جانی ومالی نقصان سے بچالیا گیا

# سندھ میں رونما ہونے والے افسوسناک واقعات کا فوری تدارک کیا جائے

بلوچستان کے قائم مقام گورنر میر جان محمد جمالی نے وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے رابطہ کرکے ان سے سندھ میں لسانی بنیادوں پر رونما ہونے والے پرتشدد واقعات کے تدارک کے لئے ٹھوس اقدامات اٹھانے کی ضرورت پر زور دیا ہے انہوں نے کہا کہ سندھ اور بلوچستان کی اقوام میں بھائی چارے کی مثالی فضا موجود ہیں انہیں نفرتوں کی جانب دھکیلنا نیک شگون نہیں اس لئے غلط فہمیوں کا فوری ازالہ ہونا چاہیے۔ کراچی اور حیدرآباد میں جو واقعات رونما ہورہے ہیں وہ قومی یکجہتی اور اتحاد کے منافی ہیں بڑی تعداد میں سندھ سے تعلق رکھنے والے لوگ بلوچستان میں آباد ہیں اور یہاں امن وسکون کی زندگی بسر کررہے ہیں اس طرح بلوچستان کے لوگوں کی ایک بہت بڑی تعداد کراچی حیدرآباد اور سندھ کے دیگر شہروں میں روزگار اور کاروبار کے سلسلے میں مقیم ہے ان کے درمیان پہلے کبھی تنازعہ پیدا نہیں ہوا نہ ہی ایسی صورتحال رونما ہوئی جو آج کل دیکھنے میں آرہی ہے لسانی بنیادوں پر رونما ہونے والے یہ واقعات انتہائی تشویشناک ہیں جن کے تدرک کے لئے نہ صرف دونوں صوبائی حکومتوں کو فوری طور پر آگے آنا چاہیے بلکہ دونوں صوبوں کی سیاسی جماعتوں اور سماجی حلقوں کو بھی اس حوالے سے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ حالات جلد سے جلد معمول پر آسکیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. Dated: 17 JUL 2022 Page No.



ڈیرہ مراد جمالی: صوبائی وزیر حاجی محمد خان لہڑی سے سعید احمد لہڑی و دیگر ملاقات کر رہے ہیں



صوبائی وزیر تعلیم میر نصیب اللہ مری کی جانب سے کوہلو میں گیسٹرو سے متاثرہ مریضوں کیلئے ادویات کا ٹرک کوئٹہ سے روانہ کیا جا رہا ہے